الملک لله ...

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۲)	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ جمادی الثانی ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۱ جنوری ۱۹۲۶ء	جلد ۳۸

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۳ مورخہ دسمبر ۱۹۲۵ء

متعلقہ رپورٹ صاحب چیف سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ لیڈی ڈاکٹر بوجہ خرابی صحت بغرض تبدیل آب و ہوا۔

حکم

بموجب رپورٹ اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر کی رخصت ایکماہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۴ر جنوری ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ر جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید لفٹنٹ محمد علاؤ الدین احمد خان صاحب از ۲ر جنوری ۱۹۲۶ء تا دہم ماہ مذکور بسلسلہ رخصت سابقہ جو ۲۵ر دسمبر ۱۹۲۵ء سے ایک ہفتہ کی رخصت حاصل کی ہے

حکم

بموجب رپورٹ لفٹنٹ محمد علاؤ الدین خان اے ڈی سی کی رخصت بسلسلہ سابقہ ۱۰ر جنوری ۱۹۲۶ء تک منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲ر جنوری ۱۹۲۶ء

رپورٹ منصرم صاحب مطبع نقل حکم نمبر ۶۹ مورخہ ۲۶ر دسمبر ۱۹۲۵ء ملاحظہ ہوئی۔ یہ نہایت بے اصول ہے کہ حسابات بجٹ کے لئے مطبع میں کوئی رجسٹر ابتک نہیں ہے۔ سررشتہ تعلیم کے بجٹ کے حسابات کے لئے جو رجسٹر جاری کئے گئے ہیں اسی نمونہ کے رجسٹر مطبع میں بھی مرتب کئے جائیں۔ اور یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء سے کل حسابات بجٹ سال رواں درج رجسٹر کرکے ایک ہفتہ کے اندر ملاحظہ کرائے جائیں۔ اور آیندہ بروقت تکمیل رجسٹر ہوتی رہے۔ نمونے رجسٹروں کے مسل متعلقہ سے دفتر میں آکر حاصل کرلئے جائیں۔

حکم ہے کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل منصرم صاحب مطبع کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۶ر جنوری ۱۹۲۶ء

سمیع اللہ خان ومحمود علی خان وکلا درجہ اول نے عرصہ سے اپنی سند وکالت تبدیل نہیں کرائیں۔ اسیطرح سید حامد علی وکیل درجہ اول نے بھی اپنی سند کو تبدیل نہیں کرایا اور محمد شفیع وکیل درجہ دوم نے بھی اپنی سند کو تبدیل نہیں کرایا۔ بوجہ نہ تبدیل کرانے سند کے ان وکلا کا نام حسب قاعدہ رجسٹر سے خارج ہونا چاہئے تھا تاہم انکو موقع دیا گیا تھا کہ اگر وکلا مذکور اپنا نام رجسٹر میں درج رہنا چاہتے ہیں تو اندر ایک ماہ کے اپنی تجدید سند کرالیں لیکن کسی صاحب نے اپنی سند تبدیل نہیں کرائی اور نہ کوئی درخواست انکی اسبارہ میں آئی ہے۔ لہذا حکم ہے کہ ہر چہار وکلا مندرجہ بالا کا نام رجسٹر وکلا سے خارج کیا جائے۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲ر جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب ہاؤس ہولڈ دربارہ عطائے تنخواہ سید ضیاء علی عوضی سید حامد علی اہلمد کیشی ذات خاص کو از ۲۸ر اکتوبر ۱۹۲۵ء بوجہ کارکردگی بجائے سید حامد علی مذکور۔

حکم

۲۸ر اکتوبر ۱۹۲۵ء تک رخصت سید حامد علی اہلمد کیشی ذات خاص بعوض سید ضیاء علی سابق منظور ہوچکی ہے۔ اب تاریخ انقضائے رخصت مذکور لغایت ۷ر جنوری ۱۹۲۶ء بعوض سید ضیاء علی رخصت نامبردہ اور منظور کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت واقع یکم جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

دیگر صیغہ جات کے اکثر کارہائے تعمیر ذریعہ محکمہ تعمیرات کرائے جاتے ہیں اور جو عملہ اُن کاموں میں مصروف رہتا ہے اُسکی تنخواہوں وغیرہ کا بار صیغہ تعمیرات پر پڑتا ہے - برائے آیندہ یہ تجویز کیا گیا ہے کہ آیندہ جو کام اسطرح کے محکمہ تعمیرات کے ذریعہ سے ہوا کریں - اُنپر ساڑھے بارہ روپیہ فیصدی کے حساب سے بابت نگرانی کام چارج کیا جایا کرے - یہ رقم بد آمدنی صیغہ تعمیرات سیاہہ خزانہ سرکار رکھا جایا کرے - لہذا

حکم ہوا کہ

ذریعہ نقول ضابطہ جملہ سکریٹری صاحبان بہادر کی خدمت میں اور صاحب اگزیکیٹو انجنیر کو اطلاع دیجائے اور ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری میں بھیجی جائے - بغرض اجراے احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت واقع ۳ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

اسکی نسبت حکم دیا گیا ہے باہمی مشورہ سے صاحب اگزیکیٹو انجنیر اور افسر صاحب انچارج کارہائے خاص باغ اپنی علاقہ کے حدود معین کرکے اطلاع دیں ابھی تک کوئی رپورٹ موصول نہیں ہوئی ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

نواب اسٹیشن کی عمارت سے نواب دروازہ تک کی تمام عمارت و سڑک کا تعلق افسر صاحب انچارج کارہائے خاص باغ سے کیا جاتا ہے - ریلوے پل کوسی کی مع سڑک اور سیلون ہائے سرکاری بھی اسمیں شامل ہونگے باقی علاقہ کا تعلق صاحب اگزیکیٹو انجنیر تعمیرات سے ہوگا - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ہر دو افسران کو اطلاع دیجائے - اور بغرض اطلاع درج گزٹ ہو -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھایئے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھایئے۔

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہی جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲؍ ہی

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲؍ ہی

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک۔ ۴؍ ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال ہو۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۴ لغایت ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نخود خالص	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نخود کسہ آمیز	[illegible]	[illegible]		[illegible]	۰	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	۰	[illegible]	
ماش	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
مونگ	[illegible]	[illegible]		[illegible]	۰	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
جئی	[illegible]	۰		[illegible]	۰	[illegible]	
گوچنی	[illegible]	۰		[illegible]	۰	[illegible]	
عدس	[illegible]	۰		[illegible]		[illegible]	
ارہر	[illegible]	[illegible]			۰	[illegible]	
برنج	[illegible]	[illegible]		[illegible]	۰	[illegible]	
روغن زرد	[illegible] چھٹانک	[illegible] چھٹانک		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن کنجد	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نمک سانبھر	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نمک لاہوری	[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]	
قند سیاہ	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
باجرہ	[illegible]	[illegible]		[illegible]	۰	[illegible]	